QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 185

بارش اور برفباری سے متاثرہ فیڈروں سے بجلی کی فراہمی بحال

کوئٹہ: 22 جنوری 2026۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے ترجمان نے کہا ہے کہ بدھ کی رات و جمعرات کے روز بارش اور برفباری کے نتیجے میں کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں 11kV فیڈروں میں تکنیکی خرابی پیدا ہونے سے 24 فیڈرز کو بجلی کی فراہمی متاثر ہوئی۔ترجمان نے کہا کہ اس دوران تکنیکی خرابی دور کرنے اور دوبارہ بجلی بحالی کے سلسلے میں کیسکو آپریشن ٹیمیں فیلڈ میں موجود رہیں۔تاہم حفاظتی اقدامات کو مدنظر رکھتے ہوئے کیسکو ٹیموں نے تمام متاثرہ فیڈروں کی بجلی جمعرات کی رات تک دوبارہ بحال کردی جسکے بعد اب معمول کے مطابق ان فیڈروں سے منسلک تمام علاقوں میں بجلی کی فراہمی جاری ہے۔اسکے علاوہ انفرادی شکایات کا بھی ازالہ کیا جارہا ہے۔کیسکو نے بارش اور برف باری کی وجہ سے بجلی کی فراہمی میں تعطل پیدا ہونے سے پیش آنے والی زحمت پر صارفین سے معذرت کی ہے۔